Rampur State Gazette.

SIGN OF VICTORY

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۰	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۳ شوال المکرم ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۵ اکتوبر ۱۹۴۱ء	جلد ۵۴

حصہ دوم

احکام اجلاس عالی مرتبت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۳
۲	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	۳
۳	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل پولیس بہادر	۳
۴	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	۴
۵	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۵
۶	احکام اجلاس دائرکٹر صاحب بہادر زراعت	
۷	حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

یوم صلح

۱۸ اکتوبر ۱۹۳۱ء

بیادگار جنگ عظیم ۱۹۱۴ء ۱۱ نومبر کو بوقت گیارہ بجے دن یوم صلح منایا جاتا ہے۔ گورنمنٹ سے اطلاع موصول ہوتی ہے کہ امسال بھی اس تاریخ کو مثل سال گذشتہ یوم صلح منایا جائے گا لہذا اس تاریخ کو ٹھیک گیارہ بجے دن کے ایک توپ سر ہوگی اور جملہ کاروبار و ٹریفک بند رہیگا۔ دوسری توپ دو منٹ کے بعد سر ہوگی اور کاروبار شروع ہو جائے گا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

مستقلی

آسامی سپرنٹنڈنٹ سٹیٹ پریس پر جو پرائیویٹ سیکرٹری ڈپو کیلئے مسٹر احمد عبد اللہ کو بجائے ٹریننگ گورنمنٹ پریس الہ آباد بھیجا گیا تھا۔ بعد حصول ٹریننگ بحکم ۱۹ فروری ۱۹۲۹ء نمبر ۵ کا تقرر عمل میں آیا تھا۔ اور کل مدت امتحانی دو سال تین ماہ ۱۰ مئی ۱۹۳۱ء کو ختم ہونیوالی تھی کہ انکی مدت ملازمت غیر مستقل میں بحکم ۱ مئی ۱۹۳۱ء مزید ایک سال کی توسیع از ۱۹ مئی ۱۹۳۱ء کر دی گئی تھی تاکہ ان کی خدمات کا سلیقہ اچھی طرح اندازہ ہو جائے۔

انجنیر صاحب نگران انچارج پریس نے مسٹر احمد عبد اللہ کے کام کی تعریف کرتے ہوئے ان کی مستقلی کے لئے رپورٹ کی ہے۔ جناب پرائیویٹ سکریٹری صاحب نے بھی سفارش کی ہے اور ظاہر کیا ہے کہ وہ جناب مسٹر احمد عبد اللہ کے کام سے بالکل مطمئن ہیں۔

مسٹر احمد عبد اللہ سپرنٹنڈنٹ صیغہ طباعت دفاتر سرکاری بہ تنخواہ موجودہ یکم نومبر ۱۹۳۱ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو　　۱۹/۲۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ہوم ممبر دربار

حکم

سپرنٹنڈنٹ صاحب اسٹیٹ پریس کے پاس

مسلہ۔ نوٹس منسلکہ گزٹ سرکاری میں شائع کردیا جائے

۹/۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم ممبر دربار

نوٹس

قبرستان واقع مزار شاہ درگاہی صاحب میں قبور بکثرت ہوگئی ہیں اور اُس میں جگہ نہیں رہی ہے جس کے متعلق ہیلتھ افسر صاحب میونسپل بورڈ نے بھی رپورٹ کی ہے۔ لہذا بلحاظ حفظان صحت حسب دفعہ ۲۲۵ ضمن (۱) ایکٹ میونسپلٹی بموجب ریزولیوشن بورڈ مذکور مورخہ ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء قبرستان متذکرۂ بالا کو ممنوعہ قرار دیا گیا ہے۔ آئندہ اُسمیں تدفین نہ کیجائے۔ اگر کوئی شخص ریزولیوشن بورڈ مذکورہ بالا کی خلاف ورزی کرے گا تو حسب دفعہ ۲۲۵ ضمن (۵) ایکٹ میونسپلٹی اسپر کارروائی قانونی کیجائے گی۔

مورخہ ۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

دستخط صاحب اگزیکیٹو افسر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل پولیس

حکم

مرادآباد پولیس ٹرینگ اسکول میں امسال دو کینڈیٹ برائے ٹرینگ سب انسپکٹری برائے سال سنہ ۱۹۲۲ء سیشن بھیجے جانے کی تجویز تھی۔ پولیس فورس میں سے ایک سجاد محمد خاں پیشتر منتخب ہوچکے ہیں۔ نیز کل امیدواران میں سے بابو پرکاش نرائن ماتھر پسر منشی کرشن سروپ ماتھر کورٹ انسپکٹر سابق محکمہ ضوٹر ریاست رامپور بہر طریقہ انتخاب سب انسپکٹری کینڈیٹ میں موزوں ثابت ہوئے ہیں۔ لہذا اون کو بھی سنہ ۱۹۲۲ء سیشن میں برائے ٹرینگ سب انسپکٹری روانہ کیا جائے گا۔ احکام جاری ہوں۔ درج آرڈر بک خاص کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ایک نقل سروس سلکشن بورڈ کو روانہ کیجائے۔ اصل بحوالہ بابو صاحب سررشتہ کیا جائے۔

۹/۱۲ اکتوبر سنہ ۲۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل پولیس

حکم اجلاس عالیمرتبت جناب چیف جسٹس بہادر

حکم

[illegible]
۲۰ اکتوبر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں جو افسوسناک واقعہ تغلب کا ہوا اور جس میں محمد عمر خاں ملازم ناظر سابق عدالتہائے فوجداری نے خیانت مجرمانہ کے جرم میں سزایاب ہو چکا ہے۔ اسی سلسلہ میں محکمانہ تحقیقات کی بناء پر سخت غفلت کا الزام منشی خلیق احمد رجسٹرار ہائیکورٹ پر عائد ہوتا ہے۔ بنابرآں رجسٹرار مذکور کے خلاف بطور محکمانہ سزا کے حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

۱- منشی خلیق احمد رجسٹرار ہائیکورٹ کے اعمالنامہ میں سخت غفلت کا ریمارک درج کیا جاوے

۲- اُس کے گریڈ کی ترقی برائے مدت ایکسال مسدود کیجائے۔

لہذا حکم ہوا کہ

حکم مذکورہ درج گزٹ ہو۔ ایک نقل اس حکم کی بغرض ملاحظہ بخدمت عالیمرتبت جناب جناب چیف منسٹر بہادر مرسل ہو اور ایک نقل بغرض اطلاع بخدمت عالیمرتبت جناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر بھیجی جائے۔ ایک نقل رجسٹرار مذکور کو دیجائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیمرتبت جناب چیف جسٹس بہادر۔

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور } مختتمہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۴۱ء

نوٹ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۱ء لغایۃ ۲۲ اکتوبر ۱۹۴۱ء بغرض اشاعت اسٹیٹ گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسل ہو۔ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

نمبر شمار	تاریخ	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۷ اکتوبر	جمعہ	تعطیل جمعہ	۔	۔	۔
۱۸	شنبہ	عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری۔	بدھی بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۰۸ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز ہے۔
″	″	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	عبد الحبیب خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۳ ایکٹ قمار بازی	″
۱۹	یکشنبہ	″	″	″	نگرانی نامنظور ہو حکم سزا مجوزہ عدالت ماتحت بحال رہے
″	″	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	احمد بخش بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی مسل بنا زیر تجویز ہے
″	″	″	سرکار بہادر بنام احمد بخش	مسل منظوری سزا جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	بشرح صدر
۲۰ و ۲۱ اکتوبر	دوشنبہ و سہ شنبہ	تعطیل دیوالی			
۲۲	چہارشنبہ	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	صاحبزادہ سید شرافت یار خاں بہادر بنام صاحبزادہ سید شوکت جہاں بیگم صاحبہ وغیرہ	درخواست تقرر رسیور	حسب استدعا وکیل سائل مدعاعلیہ آئندہ تاریخ پیشی ۱۹ نومبر ۱۹۴۱ء مقرر ہو۔
″	″	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالی مرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزماں صاحب بہادر	محبوب سنگھ وغیرہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۴۵۵ و ۳۷۶ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا نامنظور ہو تجویز و حکم عدالت ماتحت بحال رہے۔
۲۳	پنجشنبہ	تعطیل عید الفطر			

احکام اجلاس ڈائرکٹر صاحب بہادر زراعت

اعلان

بسلسلۂ تشریف آوری گورنر بہادر یوپی ۳۱ اکتوبر و یکم نومبر ۱۹۴۱ء کو پنتوڑیہ پر ایک کیٹل اور پولٹری "شو" منعقد ہوگا۔ جس میں ترقی دادہ اور دیسی نسل کے اچھے تندرست مویشی اور مرغ مرغیاں برائے نمائش اور مقابلہ پیش کئے جائینگے۔ اور منتخب جانوروں کو مختلف انعامات بھی دیے جائینگے۔ لہذا مویشیوں اور مرغ مرغیوں سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کا فرض ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ جانور لاکر نمائش میں شریک ہوں۔ اور انعام حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ نمائش میں حصہ لینے والے جانور ۳۰ر اکتوبر ۱۹۴۱ء کی شام تک پنتوڑیہ سیڈ اسٹور پر پہونچ جانے چاہئیں۔ ۳۰ر اکتوبر تا یکم نومبر ۱۹۴۱ء کو خوراک مویشیان اور مرغ مرغیاں کا انتظام سرکار بہادر کی طرف سے ہوگا۔

ڈائرکٹر زراعت

اعلان

رامپور رضا ٹکسٹائل مل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عام پبلک کاشتکاران اور دلالوں کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ ریاست میں پیداشدہ کپاس کو حدود ریاست سے باہر نہ بھیجیں۔ ریاست میں کپاس کی تمام پیداوار چندوسی مارکیٹ کے نرخ پر رضا ٹکسٹائل فیکٹری اپنی جننگ مل کے واسطے خریدے گی۔ تاریخ اشاعت گزٹ سے کپاس کا کاروبار کرنے والے ہر شخص پر اس حکم کی پابندی لازم ہوگی۔ خریداری کپاس کے لئے فیکٹری اپنے ڈپو ہر تحصیل میں مختلف مقامات پر رکھیگی۔ ریاست میں کپاس کا رقبہ بڑھا کر کاشتکاران کا مفاد حکومت کا مطمح نظر ہے۔ گزٹ میں اشاعت کے ساتھ ساتھ حکم ہذا کی ایک نقل بغرض اطلاع عام "ناظم" میں بھی طبع کرائی جارہی ہے۔ اور ہینڈبل بھی تقسیم کئے جائیں گے۔

ڈائرکٹر زراعت

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

واقع ۱۰ر اکتوبر ۱۹۴۱ء

اعلان

کاٹیج انڈسٹریز میں ۲ ماہ کے واسطے ایک تجربہ کار انگریزی داں کلرک کی ضرورت ہے۔ جس کا خط بھی اچھا ہو اور حساب کے کام سے واقف ہو۔ تنخواہ بلحاظ قابلیت پچیس روپیہ ماہوار تک دی جاسکے گی۔ جلد درخواستیں مع نقول اسناد ۲۲ر اکتوبر ۱۹۴۱ء تک موصول ہوجانا چاہئیں۔ باشندگان رامپور کو ترجیح دیجائیگی۔

سکریٹری صنعت و حرفت